# اسم مَفْعُوْلٌ
Passive Participle

وہ اسم مشتق اسم ہے۔جو کسی ایسی ذات کو بتائے جس پر کوئی فعل واقع ہوا ہو۔یعنی وہ اسم جو اپنی ذات کو بھی بتائے اور اس پر جو فعل واقع ہوے ہے اس کو بھی بتائے۔ مثلاً

.Ism Mafu'l is the Ism Mushtaq (derived noun) on which an action occurs. It means the noun which denotes the person and the action occurred on it

مَضْرُوبٌ (مارا جانے والا) One beaten

مَضْرُوبٌ میں ایک ذات ہے جس کو مارا گیا ہے۔اور وہ ذات کے معنی لفظ (والا) سے سمجھے جاتے ہیں۔اور اس میں مارنا وصف یا کام ہے۔
مَضْرُوبٌ میں مار کے مصدری معنی ہیں جو کسی ذات پر واقع ہوئی ہے۔

.Madroobun contains a person who is beaten and is denoted by the word 'Waala' in Urdu. To beat is the attribute or the action and it has a meaning of Masdar

کام + جس پر واقع ہوا ہے = اسم مفعول

.Action + one on which it occurred = Ism Mafu'l

مارنا + جس کو مارا گیا = اسم مفعول

To beat+ the beater=Ism Faa'il

وصف + ذات = اسم مفعول

Attribute + the person = Ism Mafu'l

## اسم مفعول (Passive Participle) بنانے کا طریقہ: Formation of Ism Mafu'l

- ثلاثی مجرد سے اسم مفعول تمام ابواب میں مَفْعُولٌ کے وزن پر ہی بنتا ہے۔ In all Sulaasi Mujarrad Abwaab Ism Mafu'l is formed on the scale of 'Mafu'lun'.
- اسم مفعول ہمیشہ فعل متعدی سے بنتا ہے۔ .Ism Mafu'l is always formed from Fail Mutaddi (transitive verb)
- اسم مفعول باب کَرُمَ سے کبھی نہیں بنتا کیونکہ اس باب سے ہمیشہ فعل لازم ہی آتا ہے، متعدی نہیں ہوتا۔

Ism Mafu'l is never formed from Baab Karuma because this Baab always occurs with Fail Laazim (intransitive verb).

عَبْدٌ (عبادت کرنا) سے مَعْبُوْدٌ (عبادت کیا جانے والا)
(To worship) (One worshipped)

طَلَبٌ (طلب کرنا) سے مَطْلُوبٌ (طلب کیا جانے والا)
(To seek) (One Seeked)

 © copy rights reserved 

| جنس | عدد | مرفوع | منصوب | مجرور | معنى |
|---|---|---|---|---|---|
| مذكر | واحد | مَنْصُوْرٌ | مَنْصُوْرًا | مَنْصُوْرٍ | مدد کیا ہوا<br>One (m) Helped |
| | تثنية | مَنْصُوْرَانِ | مَنْصُوْرَيْنِ | مَنْصُوْرَيْنِ | دو مدد کیے ہوئے<br>Two (m) Helped |
| | جمع | مَنْصُورُوْنَ | مَنْصُورِيْنَ | مَنْصُورِيْنَ | سب مدد کیے ہوئے<br>All (m) Helped |
| مونث | واحد | مَنْصُوْرَةٌ | مَنْصُوْرَةً | مَنْصُوْرَةٍ | مدد کی ہوئی<br>One (f) Helped |
| | تثنية | مَنْصُوْرَتَانِ | مَنْصُوْرَتَيْنِ | مَنْصُوْرَتَيْنِ | دو مدد کی ہوئیں<br>Two (f) Helped |
| | جمع | مَنْصُوْرَاتٌ | مَنْصُوْرَاتٍ | مَنْصُوْرَاتٍ | سب مدد کی ہوئیں<br>All (f) Helped |

LughatulQuran


© copy rights reserved

## مفعول اور اسم مفعول میں کیا فرق ہے؟

Difference between Faa'il and Ism Faa'il

| مفعول Object | اسم مفعول Passive participle |
|---|---|
| 1: مفعول ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔<br>Mafu'l is always Mansub (accusative) | 1: اسم مفعول کا اعراب عامل کے مطابق ایک عام اسم کیطرح (مرفوع، منصوب یا مجرور) ہوتا ہے۔<br>The Earaab of Ism Mafu'l is governed by an agent (A'amil) like an ordinary Ism. |
| 2: مفعول مصدر، مشتق اور جامد ہو سکتا ہے۔<br>Mafu'l can be Jaamid, Masdar and Mushtaq. | 2: اسم مفعول ہمیشہ مشتق ہوتا ہے۔<br>Ism Mafu'l is always Mushtaq. |
| 3: مفعول صرف معمول ہوتا ہے۔ عامل نہیں ہوتا۔ یعنی فعل کا اس پر عمل ہوتا ہے اور اسکو منصوب کرتا ہے۔<br>Mafu'l is always the one governed (Ma'mool). It is never an agent. Fail governs it and makes it Mansub. | 3: اسم مفعول کبھی معمول ہوتا ہے اور کبھی عامل ہوتا ہے۔ اسم مفعول فعل کی طرح اپنے فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب دیتا ہے۔<br>Ism Mafu'l is sometimes Ma'mool and sometimes A'amil. Like Fa'il it makes its Faa'il, .Marfu' and Mafu'l Bihi, Mansub |
| 4: مفعول سے پہلے یا بعد میں فعل کا ہونا ضروری ہے، یہ صرف جملہ فعلیہ میں آتا ہے۔<br>The occurrence of Fa'il before a Mafu'l is necessary. It occurs in only Jumlah Failiyah (verbal sentence. | 4: اسم مفعول جملہ اسمیہ یا فعلیہ میں آ سکتا ہے۔<br>Ism Mafu'l can occur in Jumlah Ismiyah or Jumlah Fa'iliyah. |
| 5: مفعول میں صرف اسم ذات ہوتی ہے وصف نہیں ہوتا۔<br>Mafu'l contains only the name. | 5: اسم مفعول میں ذات مع الوصف ہوتی ہے<br>Ism Mafu'l contains the name with the attribute. |
| 6: مفعول کا کوئی خاص وزن ہونا ضروری نہیں، کوئی بھی اسم مفعول بن سکتا ہے۔<br>Mafu'l is not on any particular scale. Any Ism can be a Faa'il.. | 6: اسم مفعول کا خاص وزن ہونا ضروری ہیں۔<br>.Ism Mafu'l is on a particular scale |


© copy rights reserved